- قعدۂ اولیٰ میں بیٹھنا:۔ دو رکعت سے زیادہ والی نمازوں میں دوسری رکعت میں بیٹھنا چاہے نفل ہو۔
- چار رکعتوں والی نمازوں کے دونوں قعدہ میں مکمل تشہد پڑھنا:۔ ہر قعدہ میں تشہد پڑھنے کی مقدار بیٹھنا واجب ہوگا۔
التحیات کا ایک لفظ بھی پڑھنے سے رہ گیا تو واجب چھوٹ جائے گا۔
- ہر دو جانب سلام پھیرنے کے لیے لفظ سلام واجب ہے۔ علیکم ورحمتہ اللہ واجب نہیں۔
- دعائے قنوت کیلئے تکبیر کہنا یعنی وتر کی آخری رکعت میں ہاتھ اٹھاتے اللہ اکبر کہنا واجب ہے۔
- تمام فرض واجب نمازوں کو ترتیب وار پڑھنا:۔
جو نماز پہلے پڑھنا ہے اسے پہلے پڑھے اور جسے بعد میں پڑھنا ہے اسے بعد میں پڑھے۔
- ہر رکعت میں صرف ایک رکوع اور دو ہی سجدے کرنا۔
- صرف دوسری اور آخری رکعت میں قعدہ کیلئے بیٹھنا واجب ہے۔
- نماز کے دوران کسی بھی فرض یا واجب عمل کے درمیان فاصلہ نہ کرنا یا کسی واجب یا فرض عمل کی ادائیگی میں دیر نہ کرنا
دیر سے مراد اتنی دیر کرنا کہ اس میں تین مرتبہ سبحان اللہ پڑھا جا سکے۔
- اگر امام قرأت کر رہا ہو خواہ آواز سے یا خاموشی سے مقتدیوں کا خاموش رہنا واجب ہے۔